ہفتہ وار

سچ

کا توضیحی اشاریہ

مرتبہ

عبدالعلیم قدوائی

خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

ہفتہ وار

سچ

کا توضیحی اشاریہ

مرتبہ

عبدالعلیم قدوائی

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

اشاعت : ۲۰۰۰ء

قیمت : ایک سو ساٹھ روپے ۱۶۰

غیر ممالک کے لیے : چھ ڈالر ۶

پرنٹر پبلشر: خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ

حرفِ آغاز

بیسویں صدی کے نصف اول میں چند اخباروں مثلاً البلاغ، الہلال، ہمدرد اور زمیندار نے دنیائے صحافت میں وہ گرانقدر خدمات انجام دیں کہ ان کے ذکر کے بغیر تاریخ صحافت مکمل نہیں ہوسکتی۔ انھیں اخباروں میں ایک اخبار تھا ہفتہ وار سچ جو لکھنؤ سے نکلتا تھا۔ ہر چند کہ اس کی زندگی بہت مختصر تھی لیکن اس کی انشا پردازی اور حسن ادارت نے ایک منفرد مقام حاصل کر لیا تھا۔

مولانا عبدالماجد دریابادی نے سچ ۱۹۲۵ء میں جاری کیا۔ یہ صرف ۱۹۳۳ء تک یعنی نو سال نکلتا رہا۔ اس اثنا میں کچھ عرصے کے لیے بند رہا۔ اس کی ادارت میں مولوی عبدالرحمٰن نگرامی اور حاجی ظفرالملک لکھنوی، مولانا کے ساتھ تھے۔ لیکن بعد میں دونوں حضرات کا بھی اس سے تعلق ختم ہوگیا اور صرف مولانا ہی تن تنہا اسے نکالتے رہے۔ یہ ایک شخصی پرچہ تھا۔ مولانا کی نگارشات پر ہی اس کا دارومدار تھا۔ اس کا اصل مقصد مذہبی، ملی اور مشرقی اقدار کا تحفظ و ترویج تھا۔ اس کے موضوعات مذہب، اصلاح معاشرہ اور علم و ادب تھے۔ بنیادی طور پر یہ ایک مذہبی پرچہ تھا اور مذہب کے مختلف پہلوؤں پر مولانا کے افکار کا آئینہ دار تھا۔ جب مولانا دریابادی نے قرآن شریف کے ترجمہ و تفسیر کا ارادہ کیا تو سچ کو بند کرنا پڑا۔ اس نے بہت کم عمر پائی مگر اس کے مشمولات بہت وقیع اور اہم ہیں۔ ان سے تحقیق کے سلسلے میں رجوع کیا جاسکتا ہے۔ یہی خیال تھا کہ اس کے اشاریے کی بات نکلی اور اب وہ آپ کے

تین

ہاتھ میں ہے۔

خدا بخش لائبریری ایک ریسرچ لائبریری ہے۔ اس کے ذخائر قلمی ہوں یا مطبوعہ تحقیق و تفتیش میں خاصے استعمال ہوتے ہیں اور ہماری بھی یہ کوشش ہوتی ہے کہ محققین کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کی جائیں۔ یہ بات سب لوگ جانتے ہیں کہ اشاریے تحقیق میں بہت زیادہ معاون ہوتے ہیں۔ انگریزی جرائد کے اشاریے بہت عام ہیں لیکن اردو میں ابھی یہ خدمت اتنی عام نہیں ہوئی ہے۔ بہرحال ہندو پاک میں یہ کام ہو رہا ہے۔ خدا بخش لائبریری اردو کے بہت سے اہم رسالوں کے اشاریے تیار کرا کے شایع کر چکی ہے۔ اور یہ سلسلہ مستقل جاری ہے۔ سچ کے اشاریے کی ذمہ داری عبدالعلیم قدوائی صاحب کو سونپی گئی۔ یہ مولانا کے بھتیجے اور داماد ہیں اور ان کے پاس سچ کا مکمل فائل ہے۔ اس کام کے لیے قدوائی صاحب سے زیادہ مناسب کوئی اور نہیں ہو سکتا تھا۔

مرتب نے ایک تفصیلی فہرست موضوعات کی فراہم کی ہے جو سچ کے مندرجات کا بخوبی احاطہ کرتی ہے۔ یہ کسی رائج الوقت درجہ بندی اسکیم کے مطابق نہیں ہے اور ہو بھی نہیں سکتی کیوں کہ ان اسکیموں میں اتنی گنجائش ہی نہیں کہ اسلامیات کے ذیلی اور عمیق موضوعات کا احاطہ کر سکیں۔ تاہم مرتب نے ڈیوی عشری درجہ بندی اسکیم کا کافی حد تک اتباع کیا ہے۔ ان موضوعات کے تحت سچ کے عنوانات کو الفبائی ترتیب کے ساتھ یکجا کیا ہے اور ہر عنوان کی توضیح بھی کی ہے تاکہ قارئین سچ کے شماروں کو دیکھے بغیر اس اشاریے کی مدد سے ضروری آگاہی حاصل کر سکیں۔ ایک کمی بہرحال محسوس ہوگی۔ عنوان اور مصنف کے ذریعے مندرجات تک رسائی ممکن نہیں ہے۔ لیکن یہ کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ سچ ایک شخصی اخبار ہے۔ اس میں زیادہ تر مضامین مدیر ہی کے قلم سے ہیں۔ صرف چند ہی دیگر حضرات ہیں جن کے نام سے پہنچ قدرے مشکل ہو سکتی ہے۔ لیکن موضوعی اشاریہ بہر کیف یہ

تمام مسائل حل کر دے گا۔

جدید اصولوں کے مطابق ایک اشاریے کے تین حصّے ہوتے ہیں۔ اصل حصّہ مندرجات پر مشتمل موضوعی ہوتا ہے جبکہ دوسرے حصّے اسم اور عنوان کے تحت ہوتے ہیں۔ ان کی مدد سے موضوعی اشاریے کی طرف رجوع ممکن ہوتا ہے۔ اس کی اشاعت میں ویسے ہی بہت تاخیر ہوگئی تھی۔ اگر جدید خطوط کی روشنی میں اس کی اصلاح کی گئی ہوتی تو مزید تاخیر ہو جاتی۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس خامی کے باوجود اشاریہ اپنے مقصد کو پورا کرتا ہے۔

ہم اپنے قارئین خاص کر ناقدین اور محققین سے ملتمس ہیں کہ وہ اپنی رائے بلکہ بے لاگ تبصرے سے نوازیں۔

حبیب الرحمن چغتائی

هفتہ وار سچ کے توضیحی اشارات

پیش لفظ

عم مرحوم مولانا عبد الماجد دریابادی مرحوم (۱۸۹۲ء - ۱۹۷۷ء) کا نام اردو ادب وانشا کی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔ ان کی ہمہ جہتی عبقری شخصیت میں نمایاں اہمیت ان کی صحافت کو حاصل ہے۔ انہوں نے اردو صحافت کو اعتبار اور استناد کے بام عروج پر پہنچایا اور طرز و مفہوم کے لحاظ سے زریں رہبر اصول مرتب کیے۔ انہوں نے تین ہفتہ وار اردو اخبار نکالے۔ سچ، صدق اور صدق جدید جنکو بر اعظم صغیر میں غیر معمولی مقبولیت و مرجعیت حاصل ہوئی۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ مولانا کے معاصرین میں مولانا ابوالکلام آزاد (صاحب الہلال والبلاغ) مولانا محمد علی جوہر مدیر ہمدرد اور مولانا ظفر علی خاں مدیر زمیندار جیسے نامور اور جید صحافی تھے لیکن مولانا مرحوم نے ان سب سے جدا راہ صحافت اختیار کی اور اپنی منفرد طرز تحریر اور تبلیغی و اصلاحی دعوت کی بنا پر خصوصی درجہ امتیاز حاصل کیا۔

مولانا مرحوم کو لکھنے پڑھنے کا شوق بچپن ہی سے تھا چنانچہ ۹-۱۰ سال کی عمر سے مضمون نگاری شروع کردی اور اردو انگریزی اخباروں اور رسالوں کا مطالعہ بڑے ذوق شوق اور پابندی سے کرتے تھے، اپنے علمی و تصنیفی مشاغل کے ساتھ ساتھ رسالہ معارف، اعظم گڑھ، زمانہ کانپور، ہمدرد دہلی، حقیقت لکھنؤ، ہمدم لکھنؤ، میں مضامین و مراسلات لکھتے رہے۔ روزنامہ حقیقت اور ہمدرد دہلی، کی نگرانی اور ادارتی ذمہ داری کا کام بھی کچھ عرصہ تک کیا۔ مگر صحافت کی دنیا میں

باقاعدہ قدم انہوں نے جنوری ۱۹۲۵ء میں رکھا اور اپنا ہفتہ وار اخبار سچ کے نام سے جاری کیا۔ یہ چھوٹا عام فہم نام نہایت پسند کیا گیا۔ اس کی پیشانی پر شیخ سعدیؒ کا یہ مشہور شعر مستقل طور پر درج رہتا تھا۔

راستی موجب رضائے خداست　　　کس ندیدم کہ گم شد از راہ راست

کچھ عرصہ کے بعد یہ آیت قرآنی بھی پہلے صفحہ پر درج کی جانے لگی۔

الذی جآء بالصدق وصدق بہ اولئک ھم المتقون۔

مولانا مرحوم نے خارزار صحافت کو اعلاء کلمۃ الحق اور اصلاح ملت کے قابل قدر مقاصد کے لیے اختیار کیا اور آخر تک ان پر جمے رہے۔ انہوں نے کبھی بھی اس سے جلب منفعت یا دنیوی فائدے حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی شروع میں سچ کی ادارت میں مولوی عبدالرحمٰن نگرامی اور حاجی ظفر الملک لکھنوی ان کے ساتھ شریک تھے۔ چنانچہ تحریروں میں شناخت کے لیے مولانا مرحوم کے لیے م، نگرامی مرحوم کے لیے 'ع' اور ظفر الملک مرحوم کے لیے 'ظ' کے مخففات لکھے جاتے تھے لیکن زیادہ تر تحریریں مولانا ہی کے قلم سے نکلتی تھیں اور انتظامی امور خاص کر پرچہ کی چھپائی وغیرہ کا تعلق حاجی ظفر الملک مرحوم سے رہتا تھا۔ جنہوں نے کچھ عرصہ کے بعد سچ میں لکھنے سے معذرت کر لی تھی۔ مولانا مرحوم کاروباری معاملات اور انتظامی امور سے اپنی افتاد طبع کی بنا پر بالکل الگ رہنا چاہتے تھے اور اسی لیے ان کا تعلق صرف ادارتی امور اور پرچہ کی ترتیب سے رہتا تھا۔ نگرامی صاحب مرحوم جو مولانا کے رفیق اور مخلص خصوصی تھے کا انتقال ۱۹۲۶ء میں ہوگیا جس کے بعد مولانا ہی سچ کے ایڈیٹر ہوگئے اور ان کا نام بھی پرچہ میں چھپنے لگا۔ سچ تمامتر شخصی پرچہ تھا جسکی ترتیب مولانا مرحوم نے اپنے خاص انداز میں کی اور اس کی حسب ذیل خصوصیات ہمیشہ برقرار رہیں۔

پہلے صفحہ پر سچی باتوں کے عنوان سے مولانا اپنے خاص دلنشین انداز میں مذہبی اصلاحی ملی معاشرتی، علمی اور ادبی موضوعات پر لکھا کرتے تھے۔ جو نہایت مقبول ہوئیں اور کثرت سے دوسرے اردو پرچوں اور رسالوں میں نقل ہوتی رہتی تھیں اس کے بعد شذرات ملکی وغیر ملکی معاملات پر جن کا تعلق ملک وملت سے ہوتا تھا۔ جن میں مولانا دلچسپ انداز میں مختلف خبروں پر تبصرہ کرتے تھے، ولایتی اخباروں اور رسالوں سے بھی خاصا کام لیا جاتا تھا جو اردو صحافت کے لیے نئی چیز تھی۔

مولانا مرحوم نے اصلاحی مقاصد کے لیے بڑے موثر اور کامیاب انداز میں ان معلومات کو استعمال کیا اور تہذیب مغرب کی گمراہیوں اور نقائص کا پردہ بڑی خوبی سے فاش کیا۔ سچ کا سب سے بڑا کارنامہ یہ تھا کہ اس نے تعلیم یافتہ طبقہ کے دلوں میں فرنگیت کی بے وقعتی اور تحقیر بٹھادی جس سے تحریک آزادی، ملی ولولہ اور مشرقیت کو بڑا نفع پہنچا۔ اہل نظر بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں کہ یہ کام دور محکومیت میں جب کہ برطانوی حکومت اور استعماریت اپنے پورے شباب پر تھی کتنا مشکل اور نازک تھا لیکن اکبر کی شاعری کی طرح سچ کی نثر نے بے مثال جرارت اور ثابت قدمی سے اس کا پورا مقابلہ کیا یہاں تک کہ ۱۹۳۰ء میں بعض مضامین کی بنا پر سچ سے حکومت یوپی نے ضمانت طلب کی اور جسکو نہ دینے کی وجہ سے کئی ہفتوں تک پرچہ کی اشاعت بند رہی سچی باتوں اور شذرات کے ساتھ ساتھ مولانا مرحوم کے مذہبی ادبی سیاسی اور علمی مقالات بھی شائع ہوتے تھے، ملک کے متعدد صاحب علم اور اہل نظر کے مضامین اور مراسلات بھی شائع ہوتے تھے، معاصر اخبارات اور رسالوں سے مفید مضامین اور کار آمد معلومات نقل کیے جاتے تھے۔ کچھ عرصہ کے بعد مذہبی اور ادبی کتابوں پر تبصرے بھی شائع ہونے لگے جنکی علمی و ادبی دنیا میں بڑی پذیرائی ہوئی اور اردو تنقید کو بڑا فائدہ ہوا۔ سچ کی اہم خصوصیت یہ تھی کہ اس میں شائع ہونے والی ہر تحریر کا معیار نہایت بلند اور سنجیدہ ہوتا تھا اور ذاتی حملوں اور دل آزار طرز تحریر سے خالی ہوتی تھی۔

بنیادی طور پر سچ ایک مذہبی پرچہ تھا جس کا مسلک کتاب و سنت کی روشنی میں اسلام کو پیش کرنا تھا اور ملی اتحاد کے ساتھ رد بدعات اور اصلاح معاشرہ کے لیے تعمیری کوششیں کرنا تھا لیکن اس میں ادبی چاشنی اور دلآویزی بھی ہوتی تھی جس میں بڑا دخل مولانا مرحوم کے حسن انشاء کا تھا، چھوٹے چھوٹے جملے سادہ اور سلیس زبان، مستند اور ٹکسالی محاورے لکھنؤ کے روزمرہ اور برجستہ سرخیوں اور حسب حال اشعار و مصرعوں کے استعمال سے پرچہ بہ لحاظ سے معیاری اور ادب العالیہ کا نمونہ بن گیا تھا۔ وقت کے ساتھ ان خصوصیات میں اضافہ ہوتا گیا یہاں تک کہ صدق جدید میں مولانا مرحوم کا فن پوری بلندی پر پہنچ گیا۔ تبلیغ دین کے ساتھ ساتھ سچ نے ملی اصلاح کے میدان میں بڑے کارنامے انجام دیئے۔ اس زمانہ میں ہندوستانی مسلمانوں خاص کر شمالی ہند کے علاقوں میں محرم، شب برات، زیارت قبور وغیرہ کے سلسلہ میں بدعات کا دور دورہ تھا

جنکو اسلام کی سچی تعلیمات سے دور دور کا واسطہ نہ تھا، عورتوں کو ترکہ میں شرعی حصّہ نہ دینے، عقد بیوگان اور تعدد ازدواج کو برا سمجھنے، شادی بیاہ غمی اور خاتمہ کی خود ساختہ رسموں میں اندھا دھند فضول خرچی اور اسراف کا بڑا زور تھا۔ تعلیمی و اخلاقی اعتبار سے بھی مسلمانوں کی حالت پسماندہ اور ابتر تھی۔ سچ نے بڑی پامردی اور مستقل مزاجی سے ان خرابیوں کے خلاف آواز بلند کی اور مسلمانوں کو صحیح راستہ دکھانے کی کوشش کی۔ اس سلسلہ میں اس کو زبردست مخالفت، دشنام طرازی اور دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن سچ پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ اسی طرح ملکی سیاست میں سچ، خلافت کانگریس اور جمعیۃ العلماء کا حامی تھا، ہندو مسلم اتحاد، تحریک خلافت، تحریک ترک موالات، تحریک آزادی، کھدر، چرخہ، گاندھی جی کی اہنسا اور ستیہ گرہ کی حمایت میں سچ میں پر جوش مضامین خود مولانا مرحوم کے قلم سے اور دوسروں کے قلم سے برابر نکلتے رہتے تھے۔ گاندھی جی کو مولانا مرحوم ایک مصلح قوم مانتے تھے۔ اور ان کے اخلاص، عقیدہ توحید سے قربت اور اصولوں کی پختہ پابندی کے قائل تھے۔ اس زمانہ میں جن قابل ذکر شخصیتوں سے مولانا بے انتہا متاثر ہوئے اور آخر تک رہے ان میں مولانا محمد علی جوہر ایڈیٹر کامریڈ و ہمدرد مولانا حسین احمد مدنی شیخ الحدیث، دار العلوم دیوبند، مولانا اشرف علی تھانوی رح مولانا عبد الباری فرنگی محلی رح، مولانا ابو الکلام آزاد رح، مولانا شوکت علی رح شامل تھے۔ غیر مسلم ہستیوں میں گاندھی جی، پنڈت موتی لال نہرو، مسٹر سی آر داس پنڈت جواہر لال نہرو کے نام قابل ذکر ہیں۔ اسی دور میں مولانا کا تعلق دار العلوم دیوبند، ندوۃ العلماء لکھنؤ، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ، جامعہ ملیہ اسلامیہ جیسے ملی اداروں سے اور دار المصنفین اعظم گڑھ، ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد، انجمن ترقی اردو ہند جیسے ادبی اداروں سے قائم ہوا اور برابر بڑھتا رہا جس کی جھلکیاں سچ میں برابر ملتی ہیں۔

سچ ۱۹۲۵ء سے ۱۹۳۳ء تک یعنی نو سال شائع ہوا جس میں چند ہفتوں کا التوا جو ۱۹۲۹ء میں مولانا مرحوم کے سفر حج اور پھر ۱۹۳۰ء میں حکومت کی طرف سے ضمانت کی طلبی کی وجہ سے ہوا شامل ہے۔ اس سلسلہ میں قابل ذکر بات یہ ہے کہ مولانا مرحوم کا مستقل قیام اپنے وطن دریاباد ضلع بارہ بنکی میں رہتا تھا جو لکھنؤ سے ۴۲ میل کے فاصلہ پر فیض آباد ریلوے لائن پر واقع ہے مگر سچ لکھنؤ میں شائع ہوتا تھا اور اس کو پورے طور پر مرتب اور نظر ثانی کر کے مولانا لکھنؤ بھیجتے تھے۔ جہاں الناظر پریس میں وہ شائع ہوتا تھا۔

سچ تمامتر شخصی پرچہ تھا اور اس میں مولانا مرحوم کے صحیح جذبات و احساسات کی ترجمانی ہوتی تھی۔ اس سلسلہ میں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ مولانا مرحوم پر طالب علمی کے زمانہ میں جب وہ انٹرمیڈیٹ میں پڑھتے تھے الحاد و تشکیک کا ایک ۹-۱۰ سال کا دور گذرا اس کے بعد مذہب کی طرف واپسی ہوئی، جس وقت سچ جاری ہوا اس وقت مولانا کٹر مذہبی ہو چکے تھے اور ان کے جذبات میں جوش کے ساتھ ایک قسم کی خشونت بھی تھی جو بعد میں جاتی رہی اور ہوش اور اعتدال پسندی کا غلبہ ہو گیا۔ اسی طرح مولانا محمد علیؒ جوہر کی رفاقت کے اثر سے وہ تحریک آزادی میں شامل ہوئے اور خلافت کانفرنس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، اس زمانہ میں وہ فرنگیت اور حکومت برطانیہ کی استعمار پسندی اور ظلم کے سخت مخالف اور نکتہ چیں رہے اور ہندو مسلم اتحاد، سودیشی سامان کی خریداری اور برادران وطن کے ساتھ مصالحت و رواداری پر زور دیتے رہے۔ مولانا محمد علی مرحوم کے انتقال کے بعد اور پھر ملکی سیاست کے بدلتے ہوئے حالات خصوصاً کانگریس کی روش میں تبدیلی کی وجہ سے وہ سیاست سے کنارہ کش ہو گئے اور گوشہ نشینی کی زندگی اختیار کی جس میں ان کا اصل مشغلہ لکھنا پڑھنا تھا ۱۹۳۲ء میں انگریزی ترجمہ و تفسیر قرآن کا ارادہ پختہ ہوتے ہی انہوں نے سچ کی اشاعت بند کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ وہ سارا وقت اسی عظیم خدمت میں صرف کر سکیں۔

سچ کی ۹ سالہ زندگی میں مولانا کا خاصا وقت مذہبی، علمی اور ادبی مباحثوں اور مجادلوں میں گذرا سچ کے بنیادی مقاصد میں مذہبی و ملی اور مشرقی قدروں کی پوری حفاظت اور ان پر خفیف سے خفیف حملہ کا مقابلہ کرنا شامل تھا۔ مولانا مرحوم ان معاملات میں بے حد حساس تھے اور انہوں نے مذہب سے کسی قسم کی گستاخی جس میں ذات باری، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، قرآن مجید، اسلامی تہذیب و ثقافت وغیرہ شامل تھیں۔ کبھی برداشت نہیں کی۔ اسی طرح دل آزار اور فحش کتابوں و مضامین کی اشاعت اور علم و اخلاق کی بے وقعتی اور پامالی پر وہ برابر قلمی جہاد کرتے رہے۔ ایسے مجرموں کے خلاف وہ بڑے سلیقہ اور منطقی انداز سے صحافتی محاذ کھولتے تھے اور ان کو زیادہ سے زیادہ یکہ و تنہا کرنے اور ملزم قرار دینے کے لیے پوری کوشش کرتے تھے، اور ملت و قوم بلکہ حکومت تک سے ان کو سزا دلوانے میں کامیاب ہوتے تھے، اس ضمن میں نیاز فتح پوری مدیر نگار لکھنؤ، نذیر نیازی استاد جامعہ ملیہ، مرزا عظیم بیگ چغتائی، سجاد ظہیر اور رشید جہاں، حافظ اسلم جے راجپوری مشاہد احمد دہلوی

اور خواجہ حسن نظامی کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اس موقع پر سچ کے احتسابی کارناموں کا مختصر ذکر کرنا غالباً ضروری ہے۔

۱۹۲۹ء میں رسالہ جامعہ دہلی میں ناموس رسالت پر ایک مضمون میں حملہ کیا گیا تھا جس کے خلاف مولانا نے پہلے کارپردازان جامعہ کو نجی طور پر توجہ دلائی پھر سچ کے ذریعہ اس کے خلاف احتجاج کا سلسلہ اس وقت تک جاری رکھا جب تک رسالہ جامعہ نے معذرت کر کے آئندہ اس قسم کے مضامین کی اشاعت سے باز رہنے کا وعدہ کیا۔ ۱۹۲۹ء میں ایک جرمن مصنف جوزف ہیل کی کتاب "عربوں کا تمدن" کا اردو ترجمہ جامعہ کے مدیر نیازی صاحب نے کیا اور اس پر رسالہ میں مدحیہ ریویو نکلا اور مکتبہ جامعہ نے اس کتاب کی اشاعت کی جو مسلمانوں کے لیے بڑی حد تک قابل اعتراض تھی کیونکہ اس میں اسلام، رسول اکرم ؐ پر ناروا حملے کئے گئے تھے اور مضمون آرائی کی آڑ میں فضول اور بے مغز اعتراضات اسلامی تمدن اور ثقافت پر کیے گئے تھے، اس معاملہ میں بھی مولانا کو اپنے معاصرین اور ملت کے رہنماؤں سے پوری مدد ملی اور شیخ الجامعہ کی معذرت کے بعد یہ قضیہ نامرضیہ ختم ہوا۔ نیاز فتح پوری مدیر نگار نے مذہب آخرت فرشتوں یہاں تک خود ذات باری تعالیٰ پر ناروا حملے کیے سوقیانہ عبادت میں مسلمانوں کے اعتقادات کا مذاق اڑایا اور نیکی اور بدی کے خود ساختہ معیار کے تحت پوری ملت اسلامیہ پر حملہ کیا۔ مولانا نے نیازی کی گندہ ذہنی کا پورا نوٹس لیا، ان کی لچر دلیلوں اور بے معنی اعتراضات کا جواب باصواب دیا اور ان کے مبلغ علم کا پردہ فاش کیا اور ملت کے مجرم کو ملت کے سامنے پیش کیا جس کی وجہ سے پورے ملک کے مسلمانوں میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی اور نگار اور مدیر نگار کے خلاف جلسے ہوئے مضامین نکالے گئے اور متعدد جگہ ان کے خلاف فوجداری مقدمے، توہین مذہب اور دل آزاری کے دائر کیے گئے۔ عاجز آکر آخر نیاز فتح پوری نے توبہ نامہ داخل کیا گو اسکی وہ وقتاً فوقتاً خلاف ورزی بھی کرتے رہے لیکن فتنہ کی سرکوبی کماحقہ سچ کی کوششوں سے ہوئی۔ اسی طرح مرزا عظیم بیگ چغتائی جو اردو کے مزاحیہ نگار تھے نے اپنی کتابوں حدیث اور پردہ اور تفویض میں قرآن مجید اور حدیث کے خلاف بدزبانی کی اور امت کے فقہاء اور علماء پر سوقیانہ حملے کیے۔ مولانا مرحوم نے امر عظیم کے عنوان سے ان کے بے بنیاد الزامات اور لغو دلیلوں کا جواب دیا، اور ان سے اپنے خیالات فاسدہ سے رجوع کرنے کا مطالبہ کیا۔ عوامی مخالفت سے مجبور ہو کر چغتائی صاحب کو جھکنا پڑا اور انہوں نے کتابوں

کی مزید اشاعت روک دی اور ملت سے معذرت طلب کی۔ ۱۹۳۳ء میں نام نہاد ترقی پسند سجاد ظہیر اور رشید جہاں وغیرہ نے ایک گندی کتاب انگارے شائع کی جس میں فحش الفاظ استعمال کیے گئے تھے اور ذات باری تعالیٰ فرشتوں اور مذہب کی شان میں گستاخی کی گئی تھی۔ مولانا نے سچ میں شرمناک کتاب کے نام سے ایک پرجوش مضمون لکھا اور جب تک حکومت یوپی نے اس کتاب کو ضبط نہ کرلیا وہ اس کے خلاف برابر لکھتے رہے۔ جامعہ ملیہ کے ایک اور استاد حافظ اسلم جے راجپوری نے اپنی کتاب تاریخ اسلام میں کچھ صحابہؓ کی سیرت پر ناروا حملے کیے اور احادیث نبویؐ سے بھی انکار کیا سچ نے اس معاملہ کا پورا نوٹس لیا اور تاریخی اور منطقی دلائل سے ان کے غلط نقطۂ نظر کا شافی وکافی جواب دیا۔ اسی طرح شاہد احمد دہلوی صاحب نے اپنے دادا مولوی نذیر احمد مرحوم کی کتاب امہات الامہ کا ایڈیشن شائع کیا جس میں امہات المومنین کا ذکر غیر شعوری طور پر ایسے لہجہ میں کیا گیا تھا جس سے انکی اہانت کا پہلو نکلتا تھا۔ مولانا نے سچ میں اس کا احتساب کیا اور آخر میں شاہد احمد صاحب نے معذرت طلب کی۔

خواجہ حسن نظامی مرحوم سے باوجود ذاتی تعلقات کے ان کے رواجی تصوف اور بدعات محرم و تعزیہ داری کی حمایت کے معاملہ پر مولانا نے ان سے پورا اختلاف کیا اور ان کے نقطۂ نظر کی کجی کو واضح کیا اسی طرح سچ نے مولانا محمد علی مرحوم کے خلاف ان کی بدزبانی اور ذاتی دلآزار حملوں کی پوری مخالفت کی اور ان کو تہذیب و شرافت کا سبق یاد دلایا کہ اختلاف اصول اور نظریات سے کرنا چاہیے نہ کہ شخصیت اور ذات سے۔

سچ کے یہ احتسابی کارنامے برصغیر کی مذہبی اور علمی و ادبی تاریخ میں یادگار رہیں گے اور بحیثیت مجموعی ان تمام مسئلوں میں سچ اور مولانا مرحوم کو نمایاں کامیابی حاصل ہوئی۔ یہ بات خاص طور پر نوٹ کرنا چاہیے کہ ان تمام مباحث میں سچ نے علمی اور شریفانہ انداز اختیار کیا اور مخالف پر ذاتی حملے کرنے سے پرہیز کیا۔ اردو صحافت کو یہ زریں رہبر اصول سچ نے سکھایا۔

سچ عام طور پر جمعہ کو شائع ہوتا تھا، کاغذ اور طباعت معمولی درجہ کی ہوتی تھی، کبھی کبھی اشاعت میں تاخیر اور ناغہ بھی ہوجاتا تھا مگر حسن انشاء اور معنویت کی بناپر پرچہ کو ہاتھوں ہاتھ لیا جاتا تھا۔ پرچہ کی ترتیب مولانا نے اپنے خاص انداز میں رکھی تھی سچی باتیں شذرات، مراسلات، دنیا میں کیا ہو رہا

ہے (ہندوستان کے اندر، ہندوستان کے باہر) معاصر اخبارات و رسالوں سے منقولات، اپنے مراسلہ نگاروں سے، نئی کتابوں پر تبصرے اور آخر صفحہ پر الناظر بک ایجنسی کی طرف سے کتابوں کا اشتہار ہوتا تھا۔ سچ کے مراسلہ نگاروں میں مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا مناظر احسن گیلانی، مولانا عبدالسلام ندوی، مولانا امین احسن اصلاحی، مولانا انیس نگرامی، مولانا محمد علی مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا ثناء اللہ صاحب، شاہ الیاس برنی، خواجہ کمال الدین، عبداللہ شاہ، عبدالرزاق ملیح آبادی خواجہ عبدالحئ شاہ وغیرہ شامل تھے۔ ان حضرات کے مراسلات کے کچھ عنوانات حسب ذیل تھے شریعت اسلام، اسلام اور غلامی مسئلہ سود، ہندو مسلم اتحاد، اسلام کا نظام جمہوریت، بدعات، محرم اور اسلام، یورپ اور اسلام، احادیث و سنن، قومیت اور ملیت وغیرہ وغیرہ۔ مولانا مرحوم کے مضامین و مقالات سیرت رسولؐ، مذہبی و علمی سوالوں کے جوابات، سفر حج، جاوید نامہ، مثنوی مولانا روم، مولانا محمد علی، راجہ علی محمد خاں آف محمود آباد، مولانا عبدالماجد بدایونی، مولانا عبدالرحمٰن نگرامی کی تعزیت وغیرہ پر شائع ہوئے، اسکے علاوہ سفر نامہ حجاز، محمد علی ذاتی ڈائری کی قسطیں بھی باقاعدہ سچ میں شائع ہوئی تھیں جو بعد میں کتابی شکل میں شائع ہوئیں۔

۸ جولائی ۱۹۳۰ء کو سچ کا آخری نمبر شائع ہوا جس میں مولانا مرحوم کا مختصر مضمون یاجوج کا مہلک وار شامل تھا جس میں ناظرین سچ کو یہ اطلاع دی گئی تھی کہ حکومت یوپی نے سچ سے بعض قابل اعتراض مضامین کی اشاعت پر ایک ایک ہزار روپیہ کی دو ضمانتیں طلب کی ہیں لیکن ان کو نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور اس لیے اخبار کی اشاعت بند رہے گی۔ ۴ ماہ بند رہنے کے بعد سچ کی دوبارہ اشاعت شروع ہوئی جسکا سلسلہ ۱۹۳۳ء تک جاری رہا۔ پھر مولانا مرحوم کو قرآن مجید کے انگریزی ترجمہ و تفسیر کا خیال پیدا ہوا اور خاصے سوچ بچار کے بعد جب انہوں نے اس خدمت عظیم کو انجام دینے کا پختہ ارادہ کر لیا تو سچ کی اشاعت بند کرنے کا اعلان کیا۔ ۱۹۳۵ء سے پھر صدق کے نام سے دوسرا ہفتہ وار نکالنا شروع کیا۔

اس طرح تقریباً نو سال مذہب و ملت کی خدمت کرنے کے بعد سچ کی مادی زندگی کا خاتمہ ہوا لیکن اس کا پیام اور اردو صحافت پر اس کے اثرات آج بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔

افسوس ہے کہ سچ کی جلدیں اب نایاب ہو چکی ہیں۔ خدا بخش لائبریری پٹنہ کے علاوہ شاید

کچھ لائبریریوں اور مخلص و معتقد شائقین علم و ادب کے پاس موجود ہوں۔ راقم الحروف کے پاس پوری فائل کا ایک سیٹ موجود ہے نیز نہرو میموریل لائبریری تین مورتی ہاؤس نئی دہلی میں تمام جلدوں کی مائکروفلم کاپی بھی موجود ہے۔

ان حالات میں کارپردازان خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کا شکریہ ادا کرنا خاص طور پر ضروری ہے کہ انھوں نے توجہ فرماکر علم و ادب کے اس خزینہ کو محفوظ کرنے کی طرف توجہ کی اور ہفتہ وار سچ کے توضیحاتی اشاریے بنانے کا کام اس نااہل کے سپرد کیا۔ اس قسم کے اشاریے تحقیق و مزید مطالعہ کے لیے بہت مفید ہوتے ہیں۔ سچ کے یہ اشاریے پہلے سنہ وار اور تاریخ وار مرتب کیے گئے اور ہر پرچہ کے عنوانات کا خلاصہ ایک ڈیڑھ سطر میں دے دیا گیا ہے۔ اس کے بعد ہر پرچہ کے مستقل عنوانات کو موضوع وار الفبائی ترتیب سے مرتب کیا گیا ہے۔ جن میں سائنٹفک انداز میں مرتب کیے گئے توضیحاتی اشاریوں سے مدد لی گئی ہے تاکہ یہ اشاریے زیادہ سے زیادہ مفید اور کارآمد ہوسکیں۔

سچ کی نو سال کی فائلوں کے جائزہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں انشاء ماجدی کی دلآویزی کے ساتھ ساتھ صحیح مذہبیت، وطن دوستی اور علم و اخلاق کی مستند قدریں موجود ہیں۔ اس پرچہ نے ملک و ملت کی بیداری اور اصلاح کا قابل تعریف کارنامہ بڑی ہمت اور پامردی سے کیا اور اردو صحافت میں حق گوئی، علم دوستی اور سچی تنقید کی نظیر قائم کی۔ سلیس اور عام فہم عبارت کے ساتھ بلیغ اور برجستہ سرخیوں اور مصرعوں کے استعمال سے اس کا علمی و ادبی رتبہ بہت بلند ہوگیا تھا، سچی باتوں میں شیخ سعدیؒ اور مولانا رومؒ کا اصلاحی و تبلیغی رنگ بدرجہ اتم پایا جاتا ہے اور حکمت و موعظت کے قیمتی موتی ہر طرف بکھرے ہوئے ملتے ہیں، شذرات میں ملکی و بین الملکی حالات کا جائزہ لیا جاتا تھا اور اس پر چبھتے تلے الفاظ میں تبصرہ کیا جاتا تھا۔ مولانا مرحوم کی اصل کوشش یہ رہتی تھی کہ اسلام کا بول بالا رہے اور اس پر ہلکے سے ہلکے حملہ کا جواب وہ بڑی مستعدی اور چوکسی سے دیتے تھے، اسی طرح مشرقی ضابطۂ اخلاق و تمدن کی یاجوجی تمدن اور تہذیب فرنگ کی ملمع کاری پر برتری اور فوقیت بڑے دلنشین انداز میں بیان کرتے تھے، اسلامی عقائد، سیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اسلامی فقہ، تصوف اور تاریخ کے گوناگوں مسائل کا تجزیہ وہ خود اور دیگر نامور اہل قلم برابر سچ میں کرتے رہتے تھے۔ جس سے مختلف قسم کے شکوک و شبہات کا ازالہ ہوجاتا تھا۔ اس سلسلہ میں مسئلہ خیر و شر، حرمت سود،

اسلام اور غلامی، حجاب حرمت نسواں، ہندو مسلم اتحاد، سودیشی کی ترویج، تحریک خلافت، عدم تشدد اور ستیاگرہ وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ سچ نے ان تمام مسائل کی تشریح اور وضاحت عالمانہ اور حکیمانہ انداز میں کی۔ اسی طرح فرنگی تہذیب، تمدن اور تعلیم کی مضرتوں اور برائیوں کا پردہ پورے طور پر فاش کیا لیکن اسی کے ساتھ ہی دنیوی معاملات میں ان کے اعلیٰ کردار وضابطہ اخلاق کی تعریف بھی کی جو انصاف پسندی اور توازن کا عین تقاضا تھا۔ ذاتیات وشخصیات کو الگ رہ کر مختلف مباحثوں اور مجادلوں میں حصہ لینا اس وقت تک اردو صحافت میں مفقود تھا۔ سچ نے اس زریں اخلاقی اصول کو بڑی حد تک اپنایا اور اس کی تلقین اپنے معاصرین اور پڑھنے والوں کو کی، اس طریقہ کار سے فضیحتوں اور اشتعال انگیز الزام تراشیوں پر روک لگی جو ایک بڑا کارنامہ تھا۔ سچ کو مرتب کرنے کے لیے مولانا مرحوم پوری تیاری کرتے تھے اور مذہبی وعلمی کتابوں، ولایتی اخبارات و رسالوں کا مطالعہ بڑی پابندی سے کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے پرچہ میں گوناگوں قسم کی صحیح معلومات ملتی تھیں اور ان سے قارئین کو بڑا نفع پہنچتا تھا۔ سچ کی تحریریں کثرت سے دوسرے اخباروں اور رسالوں میں نقل ہوتی تھیں اور سچ کا معاصرین بڑا احترام کرتے تھے۔

آخر میں اس کام میں اپنی نااہلی کی بنا پر جو فروگذاشتیں رہ گئی ہیں ان کے لیے معذرت خواہ ہوں۔ خدا کرے اس حقیر کوشش سے علم و تحقیق کے مزید چراغ روشن ہوں اور ان کا اجر عم مرحوم کو ملے۔

عبدالعلیم قدوائی
زاہدہ منزل
۸۷۳/۴ نیو فرینڈز کالونی
علیگڑھ

مختصر کوائف زندگی مولانا عبدالماجد مرحوم دریابادی مدیر سچ

مولانا عبدالماجد دریابادی کی پیدائش اودھ کے ایک معزز قدوائی گھرانے میں وسط مارچ ۱۸۹۲ء میں ہوئی۔ ان کے والد حاجی مولوی عبدالقادر صاحب ڈپٹی کلکٹر تھے جن کا انتقال حج بیت اللہ شریف کے معاً بعد مکہ معظمہ میں ۱۹۱۲ء میں ہوا۔ انہوں نے کیننگ کالج لکھنؤ سے ۱۹۱۲ء میں بی اے کی ڈگری حاصل کی پھر فلسفہ میں ایم اے کرنے علی گڑھ اور پھر دہلی گئے لیکن مختلف وجوہ کی بنا پر اعلیٰ تعلیم کا سلسلہ جاری نہ رکھ سکے۔ کچھ عرصہ تک مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ اور پھر سررشتہ ترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد میں ملازمت کی لیکن ان کی آزادانہ افتادِ طبع سے ملازمت کی پابندیاں نبھ نہ سکیں۔ ۱۹۱۹ء میں نظام حیدرآباد نے علمی وظیفہ مقرر کیا جو ان کو آخر عمر تک علمی و تصنیفی مشاغل کے سلسلہ میں ملتا رہا۔ ان کی زندگی کے اہم حالات سنہ وار حسب ذیل ہیں۔

واقعہ	سنہ
پیدائش دریاباد ضلع بارہ بنکی	۱۸۹۲ء
گورنمنٹ اسکول سیتاپور سے ہائی اسکول پاس کیا	۱۹۰۸ء
کیننگ کالج لکھنؤ سے بی اے کی ڈگری حاصل کی	۱۹۱۲ء
پہلی انگریزی کتاب سائیکلوجی آف لیڈرشپ لوئی فشر لندن نے شائع کی	۱۹۱۳ء
شیخ یوسف الزمان صاحب کی صاحبزادی سے عقد ہوا۔	۱۹۱۶ء
۱۹۰۹ء سے شروع ہوئے دورِ الحاد کا خاتمہ اور مذہب کی طرف واپسی	۱۹۱۸ء
علمی و تصنیفی مشاغل کے لیے لکھنؤ سے مستقل طور پر آبائی وطن قصبہ دریاباد منتقل ہو گئے۔	۱۹۲۲ء
ہفتہ وار سچ نکالا	۱۹۲۵ء
حج بیت اللہ شریف سے مشرف ہوئے	۱۹۲۹ء
انگریزی ترجمہ و تفسیر قرآن مجید کا کام شروع کیا	۱۹۳۲ء
اردو ترجمہ و تفسیر قرآن مجید کا کام شروع کیا۔	۱۹۳۵ء
ہفتہ وار صدق کا اجرا ہوا۔	۱۹۳۵ء
ہفتہ وار صدق جدید کا اجرا ہوا۔	دسمبر ۱۹۵۰ء
حکومت ہند کی طرف سے نیشنل اسکالرشپ ملی۔	۱۹۶۷ء
حکومت یوپی کی طرف سے بہترین اردو مصنف کا ایوارڈ ملا۔	۱۹۶۷ء
فالج کا ہلکا حملہ ہوا۔	۱۹۷۴ء
مسلم یونیورسٹی علیگڑھ نے ڈاکٹر آف لٹریچر کی اعزازی ڈگری عطا کی۔	۱۹۷۶ء

لکھنؤ میں انتقال ہوا، تدفین دریاباد میں ہوئی۔

۴ جنوری ۱۹۷۷ء

اولاد میں ۴ لڑکیاں ہوئیں جن کی شادی چاروں بھتیجوں کے ساتھ عمل میں آئی۔

پہلا مضمون ۹ سال کی عمر میں وکیل امرتسر میں شائع ہوا۔

اہم تصانیف

۱۔ انگریزی ترجمہ و تفسیر قرآن
۲۔ اردو ترجمہ و تفسیر قرآن
۳۔ سفر حجاز
۴۔ ذکر رسولؐ
۵۔ حیوانات قرآنی
۶۔ اعلام قرآنی
۷۔ جغرافیہ قرآنی
۸۔ ترجمۂ چہل حدیث
۹۔ شرح مناجات مقبول
۱۰۔ مشکلات القرآن
۱۱۔ سیرۃ نبوی قرآن کی روشنی میں
۱۲۔ قصص و مسائل
۱۳۔ تصوف اسلام
۱۴۔ مبادی فلسفہ
۱۵۔ مکالمات
۱۶۔ تاریخ تمدن یورپ
۱۷۔ زود پشیمان
۱۸۔ معاصرین
۱۹۔ محمد علی ذاتی ڈائری
۲۰۔ حکیم الامت (مولانا اشرف علی تھانوی)
۲۱۔ گیارہ سفر
۲۲۔ پیام امن
۲۳۔ ہم آپ
۲۴۔ خطبات ماجدی
۲۵۔ مکتوبات ماجدی ۱ و ۲
۲۶۔ مکتوبات سلیمانی
۲۷۔ رقعات ماجدی
۲۸۔ فیہ مافیہ
۲۹۔ مثنوی بحر المحبت
۳۰۔ انشائے ماجد
۳۱۔ نشریات ماجد
۳۲۔ اکبرنامہ
۳۳۔ فلسفہ اجتماع
۳۴۔ فلسفیانہ مضامین
۳۵۔ تغزل ماجدی
۳۶۔ وفیات ماجدی
۳۷۔ ڈھائی ہفتہ پاکستان میں
۳۸۔ سائیکلوجی آف لیڈرشپ

فہرست

حرف آغاز	حبیب الرحمٰن چغتائی	تین
پیش لفظ	عبدالعلیم قدوائی	سات
مختصر کوائف زندگی مولانا عبدالماجد مرحوم دریابادی، مدیر سچ	" "	سترہ

موضوعات	صفحات	موضوعات	صفحات
۱۔ مذاہب	۱	۱۵۔ تصوف	۱۱۳
۲۔ کتب مقدسہ	۳	۱۶۔ مناظرہ	۱۱۷
۳۔ یہودیت	۴	۱۷۔ فقہ	۱۱۸
۴۔ مسیحیت (نصرانیت)	۴	۱۸۔ قادیانیت	۱۲۶
۵۔ انجیل	۶	۱۹۔ فلسفہ	۱۲۷
۶۔ اسلامیات	۷	۲۰۔ اخلاقیات	۱۲۸
۷۔ قرآنیات	۴۴	۲۱۔ نفسیات	۱۳۳
۸۔ حدیث	۶۳	۲۲۔ سیاسیات	۱۳۵
۹۔ سیرت	۷۱	۲۳۔ سیاسیات ہند	۱۶۴
۱۰۔ عقاید	۸۷	۲۴۔ اشتراکیت	۱۷۴
۱۱۔ عبادات	۹۰	۲۵۔ معاشیات	۱۷۴
۱۲۔ بدعات	۱۰۰	۲۶۔ سماجیات	۱۸۸
۱۳۔ محرم	۱۰۲	۲۷۔ تعلیمات	۲۱۶
۱۴۔ شب برأت	۱۱۱	۲۸۔ صحافت	۲۳۶

موضوعات	صفحات
۲۹۔ سائنس	۲۶۵
۳۰۔ ایجادات	۲۷۰
۳۱۔ شماریات	۲۷۱
۳۲۔ طب	۲۷۲
۳۳۔ علوم وفنون	۲۷۹
۳۴۔ فنون لطیفہ	۲۷۹
۳۵۔ لسانیات	۲۸۰
۳۶۔ اردو تحریک	۲۸۱
۳۷۔ اردو ادب	۲۸۲
۳۸۔ فارسی ادب	۲۸۳
۳۹۔ عربی ادب	۲۸۳
۴۰۔ جغرافیہ	۲۸۳
۴۱۔ تہذیب وثقافت	۲۸۴
۴۲۔ تاریخ عالم	۳۲۹
۴۳۔ تاریخ اسلام	۳۴۳
۴۴۔ تہذیب وثقافت اسلامی	۳۵۴
۴۵۔ عالم اسلام	۳۵۴
۴۶۔ تحریکات اسلامی	۳۷۷
۴۷۔ تاریخ ہند	۳۸۲
۴۸۔ تحریک آزادی	۳۸۴
۴۹۔ ہندستانی مسلمان	۴۰۳

موضوعات	صفحات
۵۰۔ ہندو مسلم مسئلہ	۴۱۶
۵۱۔ سفرنامے	۴۲۳
۵۲۔ تذکرۂ انبیاء	۴۲۷
۵۳۔ تذکرۂ محدثین	۴۲۸
۵۴۔ تذکرۂ فقہاء	۴۲۸
۵۵۔ تذکرۂ صوفیاء	۴۳۰
۵۶۔ تذکرۂ علماء : عمومی	۴۳۴
۵۷۔ " " : اشرف علی تھانوی	۴۴۰
۵۸۔ " " : انور شاہ کشمیری	۴۴۱
۵۹۔ " " : حسین احمد مدنی	۴۴۱
۶۰۔ " " : سلیمان ندوی، سید	۴۴۲
۶۱۔ " " : شیخ سنوسی	۴۴۳
۶۲۔ " " : عبدالرحمن نگرامی	۴۴۴
۶۳۔ " " : عین القضاۃ	۴۴۶
۶۴۔ " " : مناظر احسن گیلانی	۴۴۷
۶۵۔ تذکرۂ مشاہیر : عمومی	۴۴۸
۶۶۔ " " : سرسید	۴۶۴
۶۷۔ " " : شوکت علی	۴۶۵
۶۸۔ " " : گاندھی جی	۴۶۶
۶۹۔ " " : مالوی جی	۴۷۷
۷۰۔ " " : محمد علی	۴۷۹

موضوعات	صفحات
۷۱۔ تذکرۂ مشاہیر: نہرو جی	۴۹۵
۷۲۔ تذکرۂ امرار و سلاطین: اسپین	۴۹۵
۷۳۔ " " " : افغانستان	۴۹۵
۷۴۔ " " " : ہندستان	۴۹۸
۷۵۔ " " " : اودھ	۴۹۹
۷۶۔ " " " : بھوپال	۴۹۹
۷۷۔ " " " : دکن	۵۰۰
۷۸۔ " " " : سعودیہ	۵۰۱
۷۹۔ " " " : برطانیہ	۵۰۱
۸۰۔ تذکرۂ ادبار: چغتائی، مرزا عظیم بیگ	۵۰۱
۸۱۔ " " : نیاز فتحپوری	۵۰۴
۸۲۔ تذکرۂ شعرار: غالب	۵۱۸
۸۳۔ " " : حالی	۵۱۸
۸۴۔ تذکرۂ شعرار: اکبر الٰہ آبادی	۵۱۹
۸۵۔ " " : اقبال	۵۲۰
۸۶۔ " " : ٹیگور، رابندر ناتھ	۵۲۲
۸۷۔ تذکرۂ صحافیان	۵۲۲
۸۸۔ تذکرۂ کارکنان ملّی	۵۲۳
۸۹۔ تذکرۂ خواتین	۵۲۳
۹۰۔ تذکرۂ مستشرقین	۵۲۴
۹۱۔ تبصرۂ کتب و رسائل: اردو	۵۲۵
۹۲۔ " " " : فارسی	۵۶۲
۹۳۔ " " " : عربی	۵۶۴
۹۴۔ " " " : انگریزی	۵۶۷

❖ ❖ ❖ ❖ ❖

ہفتہ وار

سچ

کا توضیحی اشاریہ

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	مذاہب :			
۱	آریہ سماجیوں سے مناظرہ۔ مناظرہ دعوت و تبلیغ کے حدود، امیر جماعت احمدیہ کا قابل قدر مضمون۔	عبد الماجد دریا بادی	۱۹/۵	۲۳ر اگست ۱۹۲۹ء
۲	اسلام اور بزرگان ہنود۔ ایک مسلمان مصنف کی غلط روی، شری کرشن جی کے حق میں بدزبانی، مسلمان اخباروں کی صحیح ملامت۔	"	۲۳/۲	۳۰ر اگست ۱۹۲۶ء
۳	امیروں کا اقرار۔ چار متمول ترین افراد سے سوالات کے جواب میں ایک مسلمان نے خدا کا نام لیا۔	"	۳۶/۸	۱۶ر ستمبر ۱۹۳۲ء
۴	اندھیرے سے روشنی کی پکار۔ ایک امریکی جج کا کلمۂ حق، کہ مذہب کے بغیر معمولی عقل و دماغ والے ہلاکت کی منزل کا راستہ اختیار کرلیں گے۔	"	۴/۳	۱۴ر اکتوبر ۱۹۲۷ء
۵	انسداد توہین مذاہب کی قانونی دفعہ۔ توہین مذہب و بزرگان کے انسداد کے لیے			

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	تعزیرات ہند کی قانونی دفعہ۔	عبدالماجد دریابادی	۳۹/۷	۹ر اکتوبر ۱۹۳۱ء
۶	ایک محقق کا فتویٰ۔ لندن میں فائل مشن پریس کی طرف سے اسلام اور مسیحیت کے باہمی اختلاف پر زور اور اسلام کی مذمت۔	" "	۲۰/۲	۲۱ر مئی ۱۹۲۶ء
۷	ایک یا تین۔ مسلمانان عالم کی اندرونی کمزوریوں پر مسیحیوں کی بے محل مسرت اور شادمانی اور یہ گمان باطل کہ وہ مسیحیت کی طرف آرہے ہیں۔	" "	۴/۳	۲۴ر جنوری ۱۹۲۷ء
۸	تردیدی مراسلہ۔	عبدالرزاق ملیح آبادی	۴۲/۹	۳ر نومبر ۱۹۳۳ء
۹	دفعہ ۲۹۵ الف۔ مذہب اور بانیان مذہب کی اہانت کے جرم کی قانونی دفعہ۔	عبدالماجد دریابادی	۴۷/۷	۴ر دسمبر ۱۹۳۱ء
۱۰	دنیاداروں کا دین۔ برطانیہ کی اکثریت وجود باری، عقیدۂ آخرت بائبل کے الہامی ہونے کی منکر ہے۔ ان کو اہل کتاب کیسے کہا جاسکتا ہے۔	" "	۳۹/۲، ۴۰	۱۱، ۱۸ر اکتوبر ۱۹۲۶ء
۱۱	رکن اول دین تہذیب۔ نیچر پرستی۔	خلیل احمد بستوی	۷/۶	۱۴ر فروری ۱۹۳۰ء
۱۲	زخم کا مرہم۔ ایک مسیحی زخمی سپاہی کو شدید کرب کی حالت			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	میں صلیب کو دیکھنے سے تسلی و برداشت کی طاقت مل گئی۔	عبدالماجد دریابادی	۱۴/۲	۲/ اپریل ۱۹۲۶ء
۱۲	سچی باتیں۔ مذہب پر آزادانہ تنقید و تعریض پڑھے لکھوں کی جانب سے بغیر اس کے مطالعہ یا مہارت کے مذہب کے علم کو غیر ضروری سمجھ لیا گیا ہے جو سرتاسر غلط ہے۔	" "	۴/۴	۲۷/ جنوری ۱۹۲۸ء
۱۴	صاحب کی انابت۔ کناڈا کے تاجروں کا توبہ و استغفار۔	" "	۴۵/۷	۲۰/ نومبر ۱۹۳۱ء
۱۵	مذہب اور سیاست۔ منقول از ہمت		۲۲/۷	۱۲/ جون ۱۹۳۱ء
۱۶	نئی دیوانگی۔ ایک غیر مسلم اخبار کا اعتراض مذہبی دیوانگی پر۔	" "	۲۱/۷	۵/ " "
۱۷	ہندو مذہب اور توحید۔ ہندوؤں کی مذہبی کتابوں میں خدائے واحد کا عقیدہ۔	" "	۴۸/۱	۱۱/ دسمبر ۱۹۲۵ء

کتب مقدسہ:

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۱۸	اہل کتاب کی کتاب۔ انگلستان کے گرجوں میں نماز و تلاوت سے بائبل کے کچھ اجزا حذف۔	" "	۴۶/۹	یکم دسمبر ۱۹۳۳ء
۱۹	تلاوت کے آداب۔ گاندھی جی کی تحریر بھگوت گیتا کے پڑھنے اور			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	سمجھنے کے بارے میں۔	عبدالماجد دریابادی	۴۶/۱	۲۷ر نومبر ۱۹۲۵ء

یہودیت:

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۲۰	یہود کا حال۔ یہود کی ذلت و مسکنت کی تصدیق۔	" "	۱۹/۹	۲۶ر مئی ۱۹۳۳ء
۲۱	مراسلہ۔ یہود و نصاریٰ کو اہل کتاب کہنے کے بارے میں سوال اور اس کا جواب۔	ایل۔ اے لکھنؤ	۲۷/۸	۱۵ر جولائی ۱۹۳۲ء

مسیحیت:

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۲۲	ایران مسیحیت کے پنجہ میں۔ مسیحی مشنریوں کی سرگرمیاں ایران میں۔	عبدالماجد دریابادی	۳۵/۴	۲۸ر ستمبر ۱۹۲۸ء
۲۳	بڑا دن۔ مسیحیوں کے جشن کرسمس پر ڈالیاں بھیجنے کی غلط رسم۔	مولوی مطلوب الرحمٰن نگرامی	۳/۴۷	۲ر دسمبر ۱۹۲۷ء
۲۴	پختہ زناری۔ اتوار کے دن ایک مسیحی خاتون کا میچ کھیلنے سے انکار	عبدالماجد دریابادی	۲۲/۹	۱۶ر جون ۱۹۳۳ء
۲۵	حریف کا اقرار۔ اسلام کی سخت جانی کا اقرار انگریزی مسیحی مشنری کی زبان سے۔	" "	۴۸/۴	۲۱ر دسمبر ۱۹۲۸ء
۲۶	زہر قند کی صورت میں۔ ایران میں اسپتالوں کے ذریعہ مسیحیت کی تبلیغ۔	" "	۴۲/۴	۹ر نومبر ۱۹۲۸ء

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۲۷	سچی باتیں۔ مسیحی تبلیغی انجمنوں کی کارگزاری کے اعداد۔ مسلمانوں کی قرآن کی طرف سے غفلت۔	عبد الماجد دریا بادی	۲۲/۲	۴ر جون ۱۹۲۶ء
۲۸	سچی باتیں۔ برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی اور دیگر مسیحی تبلیغی انجمنوں کی سرگرمیاں، بائبل کے تراجم اور دیگر مسیحی لٹریچر کی اشاعت۔ مسلمانوں کی غفلت۔ ان سے سبق لینے کی ضرورت۔	" "	۲۹/۸	۲۹ر جولائی ۱۹۳۲ء
۲۹	سچی باتیں۔ افریقہ میں ایک کیتھولک پادری سمین کی تبلیغ مسیحیت کی حکایت، بے انتہا گرمی اور بے سروسامانی کے باوجود لگن اور قربانی سے گرجے کی تعمیر اور مشن کی کامیابی، واقعہ سے سبق۔	" "	۲۸/۹	۲۸ر جولائی ۱۹۳۳ء
۳۰	شر سے خیر۔ ایران میں مسیحیت کی کامیاب تبلیغ سے متاثر ہو کر ایک شیعہ عالم کا اسلامی اتحاد پر زور۔	" "	۳۰/۴	۱۷ر اگست ۱۹۲۸ء
۳۱	گھر کی خبر لیجیے۔ ڈیلی نیوز کا اعتراف کہ مسیح کی تعلیم موجودہ مسیحی دنیا میں مفقود ہو چکی ہے۔	" "	۴۲/۴	۹ر نومبر ۱۹۲۸ء
۳۲	مرکز شیعیت مسیحیت کے نرغہ میں۔ شیراز میں کیتھولک گرجا کی تعمیر۔	" "	۴۵/۴	۳۰ر نومبر ۱۹۲۸ء

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۳۳	مسیحؑ اور مسیحی۔ سابق برطانوی وزیراعظم مسٹر لائیڈ جارج کی تقریر کہ اگر حضرت عیسیٰؑ دنیا میں آئے تو وہ فتنہ و فساد برپا نہ کر پائیں گے۔	عبدالماجد دریابادی	۳۱/۸	۱۲/اگست ۱۹۳۲ء
۳۴	مسیحی تبلیغ کی سرگرمی۔ مسیحوں کی تبلیغی سرگرمیوں کی تفصیل مختلف اخباروں کے اقتباسات کے ذریعہ۔	" "	۱۹/۱	۱۵/مئی ۱۹۲۵ء
۳۵	مسیحیت مسیحیوں میں۔ امریکہ کی نصف سے زاید آبادی کسی مسیحی فرقہ سے تعلق نہیں رکھتی۔ بشپ ٹامس ڈارسٹ کا اعتراف۔	" "	۳۳/۵	۲۹/نومبر ۱۹۲۹ء
۳۶	مسیحی رواداری۔ لندن کی مسجد میں کچھ پادریوں کے جانے پر مسیحی حلقوں میں سخت برہمی۔	" "	۴۴،۴۵/۲	۲۲، ۲۹/نومبر ۱۹۲۶ء
۳۷	منکروں کی مسلم آئینی۔ مسیحی مشنریوں کی کامیابی کا راز سادگی اور جفاکشی	" "	۴۵/۴	۳۰/نومبر ۱۹۲۸ء

انجیل

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۳۸	تحریف اناجیل۔ بائیبل کے نئے اڈیشنوں میں تحریف۔	" "	۲۲/۸	۱۰/جون ۱۹۳۲ء
۳۹	تحریفات انجیل۔			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	ایک نومسلم امریکی کی تحقیق تحریفات انجیل کے بارے میں۔	عبدالماجد دریابادی	۴۸/۸	۹ر دسمبر ۱۹۳۲ء
۴۰	سچی باتیں۔ بائبل سوسائٹی کی طرف سے انجیل کے کروڑوں نسخے شایع ہو کر تقسیم کیے گئے، اس کے مقابلہ میں مسلمانوں کی غفلت اور اس کے نتیجہ میں تباہی وبربادی۔	" "	۲۳/۲	۱۱ر جون ۱۹۲۶ء

اسلامیات:

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۴۱	آسائش حجاج اور حکومت حجاز۔ حجاز میں مسافرخانوں اور سڑکوں کی تعمیر کے سلسلہ میں نواب نظامت جنگ کا مکتوب۔	" "	۱۰/۹	۱۷ر مارچ ۱۹۳۳ء
۴۲	آسمان کی بادشاہت۔	امین احسن	۱۲/۱	۲۰ر مارچ ۱۹۲۵ء
۴۳	اپنے مراسلہ نگاروں سے۔ میدان حشر کی لمبائی چوڑائی کے بارے میں سوال۔ ایک "مشکوک"۔ بھوپال۔	عبدالماجد دریابادی	۲۸/۸	۲۲ر جولائی ۱۹۳۲ء
۴۴	اجتماع اور نصب امارت۔ مولانا ثناء اللہ صاحب کے مضمون پر الجمعیۃ کے تاثرات۔ منقول از الجمعیۃ دہلی		۳۱/۳	۱۲ اگست ۱۹۲۷ء
۴۵	اچھا سبق۔ اسلامی تعلیمات کے متعلق۔ قسط ۱	مولوی مطلوب الرحمٰن نگرامی	۲۳/۳	۲۶ر " "
۴۶	اچھا سبق۔			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	اسلامی تعلیمات کے متعلق۔ قسط ۲	مولوی مطلوب الرحمٰن نگرامی	۳۴/۳	۲ر ستمبر ۱۹۲۷ء
۴۷	اچھا سبق۔ اسلامی تعلیمات کے متعلق۔ قسط ۳	” ”	۳۷/۳	۲۳ر ” ”
۴۸	ارکان حج کمیٹی کی خدمت میں۔ حاجیوں کی سہولتوں کے لیے معروضات۔ منقول از ہمت لکھنؤ۔	عبدالماجد دریابادی	۳۰/۵	۸ر نومبر ۱۹۲۹ء
۴۹	اس سال کا حج۔ منقول از امارت۔		۹/۸	۴ر مارچ ۱۹۳۲ء
۵۰	اسلام اور اصول مشورہ منقول از خلافت۔		۲/۹	۱۳ر جنوری ۱۹۳۳ء
۵۱	اسلام اور غلامی۔	مولانا سید سلیمان ندوی	۲۰/۲	۲۱ر مئی ۱۹۲۶ء
۵۲	اسلام اور کثرت تعداد۔ منقول از معارف	” ”	۲۳/۱	۱۲ر جون ۱۹۲۵ء
۵۳	اسلام اور مسئلہ غلامی۔ اسلام میں غلامی کے جواز، ان کی خرید و فروخت اور موجودہ زمانہ میں اسلامی تغافل پر ایک صاحب علم کا استفسار۔	عبدالماجد دریابادی	۱۹/۲	۱۴ر مئی ۱۹۲۶ء
۵۴	اسلام اور مصوری۔ منقول از ایمان		۲۹/۸	۲۹ر جولائی ۱۹۳۲ء
۵۵	اسلام اور نظام حکومت۔ منقول از الجمعیۃ دہلی		۱۵/۴	۲۰ر اپریل ۱۹۲۸ء
۵۶	اسلام اور وضع مغربی۔ قسط ۱	مولانا عبدالسلام ندوی	۳۲/۵	۲۷ر دسمبر ۱۹۲۹ء
۵۷	” ” ” قسط ۲ منقول از معارف	” ”	۱/۶	۳ر جنوری ۱۹۳۰ء
۵۸	” ” ” ” ۳ ” ” ”	” ”	۲/۶	۱۰ر ” ”
۵۹	اسلام پر حملے خود فرزندان اسلام کے۔ ایک مسلمان بیرسٹر کے مضامین شراب اور موسیقی			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	کی حمایت میں۔ متحدہ محاذ کی ضرورت۔	عبدالماجد دریابادی	۳۰/۷	۷/ اگست ۱۹۳۱ء
۶۰	اسلام کا نظام معیشت۔ اسلام کی برتری دوسرے نظریوں پر۔	" "	۵۰/۹	۲۹/ دسمبر ۱۹۳۳ء
۶۱	اسلام کی ایک زندہ کرامت۔ عراق میں دو صحابیوں کی منتقلی سے متعلق ایک مکتوب۔	" "	۱۸/۸	۱۳/ مئی ۱۹۳۲ء
۶۲	اسلام کی برکتیں۔ مولوی صدرالدین صاحب کی تقریر۔ اشاعت اسلام کالج کے افتتاح کے موقع پر۔ منقول از پیغام صلح، لاہور۔		۲۷/۳	۱۵/ جولائی ۱۹۲۷ء
۶۳	اسلام کے دشمن مسلمان ہیں یا اغیار۔	واحدی اڈیٹر درویش و نظام المشائخ	۲۷/۲	۲۷/ ستمبر ۱۹۲۶ء
۶۴	اسلام میں سمع وطاعت کی اہمیت۔ منقول از امارت	مولانا محمد سجاد صاحب	۲۶/۴	۲۰/ جولائی ۱۹۲۸ء
۶۵	اسلامی پردہ۔ منقول از پیغام صلح	ڈاکٹر بشارت احمد احمدی	۲۰/۴	۲۵/ مئی ۱۹۲۸ء
۶۶	اسلامیت اور اسلام۔ قسط ۱	مولانا وحید احمد مدنی	۲۸/۶	۲۸/ نومبر ۱۹۳۰ء
۶۷	" " قسط ۲	" "	۲۹/۶	۵/ دسمبر "
۶۸	" " قسط ۳	" "	۳۰/۶	۱۲/ " "
۶۹	" " قسط ۴	" "	۳۱/۶	۱۹/ " "
۷۰	اسلامی سادگی اور کفایت شعاری۔ منقول از پیغام صلح۔	ڈاکٹر بشارت احمد احمدی	۲۵/۷	۳/ جولائی ۱۹۳۱ء
۷۱	اسمبلی میں نماز کا واقعہ۔			

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	مولانا شفیع داؤدی ممبر لیجس لیٹو اسمبلی۔ منقول از پیغام صلح۔		۱۷/۶	۲ر مئی ۱۹۳۰ء
۷۲	اشاعت اسلام۔ تبلیغ اسلام کے سلسلہ میں اچھی خبر۔	عبدالماجد دریابادی	۲۳/۷	۱۹ر جون ۱۹۳۱ء
۷۳	اشخاص اور اعمال۔ (صحیح مسلک)	" "	۲۸/۴	۲۷ر جولائی ۱۹۲۸ء
۷۴	اطاعت اولی الامر۔ بادشاہ کی اطاعت کے حدود۔	" "	۲۹/۵	۱ر نومبر ۱۹۲۹ء
۷۵	الاعتدال فی متابعۃ الرجال۔	مولانا اشرف علی تھانوی	۵۰/۹	۲۹ر دسمبر ۱۹۳۲ء
۷۶	الانصار اور مضمون پردہ۔ مدیر سچ کے مضمون "پردہ کے حدود" پر الانصار دیوبند کی تنقید۔ مدیر سچ کی بے جا تعریف۔		۳۱/۴	۲۴ر اگست ۱۹۲۸ء
۷۷	الشاہد والمشہود۔ قسط ۱	مولوی عبداللہ شاہ قادری	۶/۵	۱۵ر فروری ۱۹۲۹ء
۷۸	" " قسط ۲	" "	۱۳/۵	۱۲ر جولائی "
۷۹	" " قسط ۳	" "	۱۴/۵	۱۹ر " "
۸۰	" " قسط ۴	" "	۳۴/۵	۶ر دسمبر "
۸۱	" " قسط ۵	" "	۳۷/۵	۲۷ر " "
۸۲	" " قسط ۶	" "	۲/۶	۱۰ر جنوری ۱۹۳۰ء
۸۳	" " قسط ۷	" "	۱۸/۶	۱۶ر مئی "
۸۴	" " قسط ۸	" "	۱۹/۶	۲۳ر " "
۸۵	" " قسط ۹	" "	۲۱،۲۰/۶	۳۰ر مئی، ۶ر جون "

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۸۶	الشاہد والمشہود۔ قسط ۱۰	مولوی عبداللہ شاہ قادری	۲۴/۶	۲۷؍جون ۱۹۳۰ء
۸۷	" " قسط ۱۱	" "	۱۴/۷	۱۰؍اپریل ۱۹۳۱ء
۸۸	" " قسط ۱۲	" "	۱۵/۷	۱۷؍ " "
۸۹	" " قسط ۱۳	" "	۱۷/۷	۸؍مئی "
۹۰	امتحان اور نتیجۂ امتحان	عبدالماجد دریابادی	۴۹/۱	۲۷؍نومبر ۱۹۲۵ء
۹۱	امراء اور عوام۔ اسلام میں امراء اور عوام دونوں کو رائے مشورہ کا حق ہے۔	" "	۲۲/۷	۱۲؍جون ۱۹۳۱ء
۹۲	امسال کا حج۔ حج کے متعلق ضروری اطلاعات۔	" "	۲۱/۱	۲۹؍مئی ۱۹۲۵ء
۹۳	انابت الی اللہ کا وقت۔ منقول از الجمعیۃ۔		۲/۹	۱۳؍جنوری ۱۹۳۳ء
۹۴	انجام کا آغاز۔ دین حق پر نرغہ اور مسلمانوں کا فرض۔	" "	۹/۸	۴؍مارچ ۱۹۳۲ء
۹۵	ان کی انتہا اور ہماری ابتدا۔ پریوی کونسل کا فیصلہ کہ عورتیں لفظ اشخاص میں داخل، اسلامی شریعت کے اصول کی صداقت۔	" "	۷/۷	۱۴؍فروری ۱۹۳۰ء
۹۶	انگریزی طلبہ کا جمعہ۔ ایک نوعمر عزیز جو یونی ورسٹی کے طالب علم ہیں کا خط کہ جمعہ کی نماز کی وجہ سے امتحان میں تاخیر ہوئی اور ممتحن صاحب ناراض ہوئے مسلمان طالب علموں اور سرپرستوں کے لیے لمحۂ فکریہ۔	" "	۲/۶	۱۰؍جنوری ۱۹۳۰ء

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۹۷	انوکھی ہمدردی۔ حاجیوں کے لیے قلیوں اور کشتیوں کا حجاز میں تکلیف دہ انتظام۔	عبدالماجد دریابادی	۴۷/۹	۸ر دسمبر ۱۹۳۳ء
۹۸	اہل لکھنؤ کو دو خوشخبریاں۔ لکھنؤ اسٹیشن کے نزدیک اور ندوۃ العلماء میں مسجدوں کی تعمیر۔		۲۰/۹	۲ر جون "
۹۹	ایک انگریز شاہزادی کا قبول اسلام۔ سرادک کی انگریز شاہزادی کا قبول اسلام۔ طیارہ میں اور پیرس کی مسجد میں ان کی شاندار پیشوائی۔	" "	۱۱/۸	۱۸ر مارچ ۱۹۳۲ء
۱۰۰	ایک بیجا اعتراض۔ "یورپ اور اسلام" مضمون پر احمدی جماعت اور دیوبند دونوں کی طرف اعتراض۔	" "	۱/۵	۴ر جنوری ۱۹۲۹ء
۱۰۱	ایک تلخ سوال۔ موت کو یاد رکھنے کے متعلق۔ منقول از تجلی دہلی	مولانا سید ظہور احمد	۱۳/۲	۲۶ر مارچ ۱۹۲۶ء
۱۰۲	ایک تنقید نامہ۔ مضمون "یورپ اور اسلام" پر ایک گمنام مراسلہ نگار کی تنقید۔	عبدالماجد دریابادی	۹/۵	۸ر مارچ ۱۹۲۹ء
۱۰۳	ایک درد انگیز حادثہ۔ حاجیوں کے جہاز میں جدہ میں آتش زنی، ۱۱۲ حاجیوں کی شہادت، ان کی مغفرت کے لیے دعا۔	" "	۲۰/۶، ۲۱	۳۰ر مئی، ۶ر جون ۱۹۳۰ء

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۱۰۴	ایک زبردست شہادت۔ الحرمین اسٹیمر کمپنی کی دیانت و مضبوطی کے بارے میں مولانا عرفان صاحب جمعیۃ خلافت کی شہادت	عبدالماجد دریابادی	۸/۶	۱۲ر فروری ۱۹۳۰ء
۱۰۵	ایک سے زاید بیویاں۔ تعدد ازدواج کے بارے میں شریعت کی صحیح تعلیم۔	" "	۴/۴	۲۷ر جنوری ۱۹۲۵ء
۱۰۶	ایک شیعہ صاحب کے چند سوالات۔ ملت اسلامیہ کے گروہ حق، نہج البلاغۃ اور قرآن مجید کی محفوظیت پر۔ مع جواب۔	محمد علی سالمین	۱۱/۷	۲۰ر مارچ ۱۹۳۱ء
۱۰۷	ایک شیعہ کرم فرما کا مکتوب۔ بسلسلۂ مراسلہ شائع شدہ سچ نمبر ۱۱	" "	۱۵/۷	۱۷ر اپریل "
۱۰۸	ایک طالب علم کے سوالات۔ نیکی بدی کی تشریح، گناہوں کا علاج اور ثمرات کے متعلق سوالات مع مختصر جوابات کہ نیکی سے روح کا نشوونما ہوتا ہے اور بدی سے روح مردہ ہوتی ہے۔ پختہ ایمان اور اچھی صحبت سے گناہ دور ہوسکتے ہیں۔	عبدالماجد دریابادی	۲/۸،۷	۱۲، ۱۹ر فروری ۱۹۲۶ء
۱۰۹	ایک علوی منظر۔ علم دین کی تبلیغ۔ ایک تماشائی عالم کے قلم سے۔		۳۹/۸	۷ر اکتوبر ۱۹۳۲ء
۱۱۰	ایک 'غریب' کا سوال۔ اشاعت اسلام کے لیے ایک گجراتی مخلص			

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	احمد غریب صاحب کی درخواست۔	عبدالماجد دریابادی	۴۹/۳	۱۶ر دسمبر ۱۹۲۷ء
۱۱۱	ایک قدم دین فطرت کی طرف۔ ہندو ریاست بڑودہ میں عورتوں کو حقوق اسلامی قانون کے خطوط پر۔		۳۳/۹	۱۱ر اگست ۱۹۳۳ء
۱۱۲	ایک مراسلۂ سابق پر تنقید۔ علماء اور مذہب اسلام۔ سچ کے ایک کرم فرما کے قلم سے۔		۲۱/۷	۵ر جون ۱۹۳۱ء
۱۱۳	ایک مفید خدمت۔ تبلیغ اسلام ہندی زبان اور دیوناگری رسم الخط میں مولوی محفوظ الرحمٰن نگرامی کے ذریعہ۔	" "	۴۰/۳	۱۴ر اکتوبر ۱۹۲۷ء
۱۱۴	ایک ناجائز مسودۂ قانون۔ مسودہ امتناع ازدواج صغر سنی کے متعلق۔ منقول از الجمعیۃ دہلی۔		۱۶/۴	۲۷ر اپریل ۱۹۲۸ء
۱۱۵	بحث پردہ۔ ایک معاصر کا الزام سچ پر بے حجابی کی تائید کا	" "	۳۴/۴	۱۴ر ستمبر "
۱۱۶	بحث دجال و یاجوج و ماجوج۔ قسط ۱	مولوی شاہ عبداللہ قادری	۱۳/۹	۱۴ر اپریل ۱۹۳۳ء
۱۱۷	" " " قسط ۲	" "	۱۴/۹	۲۱ر " "
۱۱۸	" " " قسط ۳	" "	۱۸/۹	۱۹ر مئی "
۱۱۹	" " " قسط ۴	" "	۱۹/۹	۲۶ر " "
۱۲۰	بڑی بشارت۔ تعلق مع اللہ کی برکتیں۔ خدا کے دربار کی حاضری			

تاریخ، ماہ، سال	جلد/شمارہ	مضمون نگار	عنوان/توضیح	نمبر شمار
۲۶ر فروری ۱۹۲۶ء	۹/۲		کو درست رکھنا نجات کی ضمانت۔	
۱۸ر دسمبر ۱۹۲۵	۴۹/۱	عبد الماجد دریابادی	بڑی بغاوت۔	۱۲۱
۲۵ر مارچ ۱۹۳۲ء	۱۲/۸	" "	بھوپال کا مبارک اقدام۔ ریاست بھوپال میں محفوظ حقوق زوجین کا ضابطہ شرعی۔	۱۲۲
۹ر جنوری ۱۹۲۹ء	۲/۱	عبد الرحمٰن نگرامی	بیماری کا احساس۔ صحیح مذہبی احساس کی ضرورت۔	۱۲۳
۲۶ر مئی ۱۹۳۳ء	۱۹/۹		بیوہ کا نکاح ۔منقول از امارت	۱۲۴
۷ر ستمبر ۱۹۲۸ء	۳۳/۴	مولانا وحید احمد	پردہ اور اسلام قسط ۱	۱۲۵
۱۴ر " "	۳۴/۴	" "	" " قسط ۲	۱۲۶
۲۱ر " "	۳۵/۴	" "	" " قسط ۳	۱۲۷
۵ر اکتوبر ۱۹۲۹ء	۳۷/۴	" "	" " قسط ۴	۱۲۸
۶ر جولائی ۱۹۲۸ء	۲۴/۴		پردہ اور اسلام۔ ڈاکٹر بشارت احمد صاحب کے مضمون پر تنقید۔ منقول از الانصار دیوبند۔	۱۲۹
۲۱ر ستمبر ۱۹۲۸ء	۳۵/۴	عثمان جعفری۔	پردہ سے متعلق ایک سوال ۔ از ایک متوتر۔ رسالہ نگار کی روش کے متعلق۔	۱۳۰
۲۰ر جولائی ۱۹۲۸ء	۲۶/۴	عبد الماجد دریابادی	پردہ کے حدود۔	۱۳۱
۱۳ر " "	۲۵/۴		پردہ کے شرعی احکام۔ پردہ کے متعلق سوالات اور ان کا جواب مولانا اشرف علی تھانوی کی جانب سے۔	۱۳۲

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۱۳۳	پیاری پکار۔ اذان کی دلکشی پر انگلستان کے اخبار ویسٹ برٹش آبزرور کا مضمون۔	عبدالماجد دریابادی	۳۸/۲	۴ر اکتوبر ۱۹۲۶ء
۱۳۴	تحریک التوارج۔ ایک بھائی کی تحریک کی مخالفت دینی جذبہ سے۔ فرضیت کے لیے سبیل کی استطاعت ہونا بھی لازمی ہے	” ”	۳۹/۲، ۴۰	۱۱، ۱۸ر اکتوبر ۱۹۲۶ء
۱۳۵	تحفظ قانون شرعی کی ضرورت۔ منقول از انقلاب قسط ۱	سید محمد محسن ترمذی	۳۰/۸	۱۵ر اگست ۱۹۳۲ء
۱۳۶	” ” ” ” ” قسط ۲	” ”	۳۲/۸	۱۹ر ” ”
۱۳۷	” ” ” ” ” قسط ۳	” ”	۳۳/۸	۲۶ر ” ”
۱۳۸	تعدد ازدواج اور عدل بین الازواج۔	عبدالماجد دریابادی	۷/۷	۱۳ر فروری ۱۹۳۱ء
۱۳۹	تعدد ازدواج پر جیل۔ انسداد تعدد ازدواج کے لیے تعزیری قانون کا مطالبہ۔	” ”	۳۴/۵	۶ر دسمبر ۱۹۲۲ء
۱۴۰	تقسیم عمل۔	محمد طٰہٰ	۵/۸	۲۹ر جنوری ۱۹۳۲ء
۱۴۱	تمام امراض کا ایک ہی علاج۔ قسط ۱	مولانا ابوالکلام	۳۶/۳	۲۳ر ستمبر ۱۹۲۷ء
۱۴۲	” ” ” قسط ۲	” ”	۳۸/۳	۳۰ر ” ”
۱۴۳	” ” ” قسط ۳	” ”	۴۱/۳	۲۱ر اکتوبر ”
۱۴۴	تمام بیماریوں کا واحد علاج۔	جناب قریشی پٹی	۴۹/۹	۲۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء
۱۴۵	توبہ کی منادی۔ مسلمانوں کی بداعمالیوں پر بے چینی کا اظہار۔	مولوی امین احسن اصلاحی	۱۷/۱	یکم مئی ۱۹۲۵ء
۱۴۶	توحید و اطاعت امیر۔			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	انگریزی قوم کے اقتدار کا راز ڈسپلن اور ہمت و بے خوفی اصل میں یہ خصوصیات اسلام کے اجتماعی نظام کی ہیں۔	عبدالماجد دریابادی	۱/۹	۶؍ جنوری ۱۹۳۳ء
۱۴۷	تین وزیتون کی شہادت۔ ڈاکٹر بشارت احمد صاحب احمدی کے قلم سے۔ منقول از پیغام صلح۔		۲۱/۴	۸؍ جون ۱۹۲۸ء
۱۴۸	جامعہ کی داد۔ اسلام کے خلاف سدباب پر رسالہ جامعہ کی داد۔	" "	۳۳/۹	یکم ستمبر ۱۹۳۳ء
۱۴۹	جانچ پڑتال۔	مولانا عبدالرحمٰن ندوی	۱/۴۵	۲۰؍ نومبر ۱۹۲۵ء
۱۵۰	جز بخلوت گاہِ حق آرام نیست۔ ایک تعلیم یافتہ لامذہب بنگالی کی اپنے لڑکوں سمیت خودکشی۔ رب کے ذکر سے صبر و تسکین بڑے سے بڑے صدمہ میں ملتی ہے۔		۱۰/۲	۵؍ مارچ ۱۹۲۶ء
۱۵۱	جمعہ کا حج۔ حکومت حجاز کی طرف سے چھپا ہوا پمفلٹ۔ ایک بدعت۔	عبدالماجد دریابادی	۴۲/۷	۳۰؍ اکتوبر ۱۹۳۱ء
۱۵۲	جمعہ کا خطبہ۔ اردو میں۔	مولانا عبدالرحمٰن	۲۹/۲	۲؍ اگست ۱۹۲۶ء
۱۵۳	جمعیۃ العلماء اور خطبۂ جمعہ۔ جمعہ کے خطبہ میں اصلاح کی تاکید الجمعیۃ کے کالموں میں۔	عبدالماجد دریابادی	۱۶/۲	۱۶؍ اپریل ۱۹۲۶ء
۱۵۴	جوارِ صالحین کی تلاش۔			

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	تدفین میں عجلت کی مصلحت۔	عبدالماجد دریابادی	۳۲/۴	۳۱/ اگست ۱۹۲۸ء
۱۵۵	جوار صالحین میں تدفین۔ ایک سوال کا جواب۔	" "	۲۸/۴	۳/ " "
۱۵۶	چند سوالات۔ قارئین کے چند مذہبی، اخلاقی سوالات، معاملات اور حقوق العباد کے سلسلہ میں۔	" "	۴/۱	۲۳/ جنوری ۱۹۲۵ء
۱۵۷	حاجیوں کا ایک نیا جہاز۔ ٹرنر ماریسن کمپنی کا نیا جہاز رضوانی۔	" "	۳۲/۶	۲۶/ دسمبر ۱۹۳۰ء
۱۵۸	حاجیوں کا قانون۔ حاجیوں کے لیے بحری جہازوں سے واپسی ٹکٹ لینا لازمی۔	ظفر الملک	۱۵/۱	۱۰/ اپریل ۱۹۲۵ء
۱۵۹	حاجیوں کو اطلاع۔ حج کے لیے بحری جہازوں کا پروگرام۔	عبدالماجد دریابادی	۴۷/۷	۴/ دسمبر ۱۹۳۱ء
۱۶۰	حاجیوں کو اطلاع۔ سفر حج کے لیے بحری جہازوں کا پروگرام۔	" "	۷/۸	۱۹/ فروری ۱۹۳۲ء
۱۶۱	حاجیوں کی تصویر۔ پاسپورٹ پر تصویر لازمی ہے۔	" "	۴۷/۹	۸/ دسمبر ۱۹۳۳ء
۱۶۲	حاجیوں کی خدمتیں۔	اسمٰعیل غزنوی، بمبئی	"	" "
۱۶۳	حاجیوں کی مشکلات۔ سفر حج کی دقتوں کے بارے میں۔	عبدالماجد دریابادی	۱۵/۷	۱۷/ اپریل ۱۹۳۱ء
۱۶۴	حاجیوں کے لیے۔			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	ٹرنر ماریسن کمپنی کے نئے جہاز رضوانی کے متعلق اطلاع۔	عبدالماجد دریابادی	۷/ ۷	۱۳؍فروری ۱۹۳۱ء
۱۶۵	حاجیوں کے لیے ایک اہم اطلاع۔ اخراجات حج کے متعلق اطلاع۔	" "	۶/۸	۵؍فروری ۱۹۳۲ء
۱۶۶	حاجیوں کے لیے ایک سہولت۔ مطوفون کے پاس حاجیوں کی رقم امانت رکھنے کا انتظام۔		"	" "
۱۶۷	حاجیوں کے لیے ایک مسلم جہاز راں کمپنی۔ الحرمین اسٹیمرز لمیٹڈ کا قیام۔ منقول از خلافت۔		۴/۶	۲۴؍جنوری ۱۹۳۰ء
۱۶۸	حجاج اور ریلوے۔	مولانا اسمٰعیل غزنوی امرتسر	۲/۹	۱۳؍جنوری ۱۹۳۳ء
۱۶۹	حجاج وزائرین کے لیے۔ (الناظر بک ایجنسی)		۳/۹	۲۰؍ " "
۱۷۰	حج کا راستہ۔ حاجیوں کے لیے راستہ کھل جانے کے سلسلہ میں۔	ظفر الملک	۱۹/۱	۱۵؍مئی ۱۹۲۵ء
۱۷۱	حج کمیٹی۔ مدیر سچ کا بیان حج کمیٹی کے سامنے۔	عبدالماجد دریابادی	۱۹/۵	۲۳؍اگست ۱۹۲۲ء
۱۷۲	حج کمیٹی؟ حج کمیٹیوں کے قائم ہونے سے کوئی عملی فایدہ حاجیوں کو نہیں پہنچا۔	" "	۲۰/۶	۱۲؍دسمبر ۱۹۳۰ء
۱۷۳	حج کمیٹی کی سفارش۔ منقول از انقلاب		۱۰/۸	۱۱؍مارچ ۱۹۳۲ء
۱۷۴	حج کی تحقیقاتی کمیٹی۔ حاجیوں کی دشواریاں دور کرنے کے لیے کمیٹی			

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	کا قیام۔	عبدالماجد دریابادی	۱۴/۵	۱۹ر جولائی ۱۹۲۲ء
۱۷۵	حج ومعارف حج۔ مراسلہ از خریدار ۲۱۹۱		۸/۸	۲۶ر فروری ۱۹۳۲ء
۱۷۶	حریف مقابل۔	مولانا عبدالرحمن نگرامی	۳۵/۱	۱۱ر ستمبر ۱۹۲۵ء
۱۷۷	خدا کا غضب۔ جاپان کے زلزلے سے عبرت۔	عبدالماجد دریابادی	۳۸/۱	۲ر اکتوبر ۱۹۲۵ء
۱۷۸	خدمت حجاج کا ایک نادر موقع۔ الحرمین اسٹیمرز کمپنی لمیٹڈ کے حصص خریدنے کی ترغیب	” ”	۸/۶	۲۱ر فروری ۱۹۳۰ء
۱۷۹	خط ایک رہا شدہ لیڈر کے نام۔ شعائر اسلام کے ترک کے بارے میں۔	میر غلام بھیک نیرنگ	۱۵/۷	۱۷ر اپریل ۱۹۳۱ء
۱۸۰	خلافت کمیٹی کا ایک اہم کام۔ نماز باجماعت کی تنظیم۔	عبدالماجد دریابادی	۳/۴	۲۰ر جنوری ۱۹۲۵ء
۱۸۱	دجال اور مسیح۔ منقول از پیغام صلح۔		۴۳/۴	۱۶ر نومبر ۱۹۲۸ء
۱۸۲	دعوت اسلام۔ رنگون کی کرین قوم کو مولانا ظفر علی خاں کی قبول اسلام کی دعوت۔	” ”	۴۵/۹	۲۴ر نومبر ۱۹۳۳ء
۱۸۳	دل کی کھٹک۔	” ”	۴۷/۱	۴ر دسمبر ۱۹۲۵ء
۱۸۴	دنیا ہمارے لیے ہم آخرت کے لیے۔	مولانا عبدالرحمن نگرامی	۴۰/۱	۱۶ر اکتوبر ۱۹۲۵ء
۱۸۵	دو خوش خبریاں۔ ٹائمس آف انڈیا کے بورڈ میں سب ایڈیٹر اور لاہور کے بیرسٹر کنھیالال گابا کا قبول اسلام۔	عبدالماجد دریابادی	۱۰/۹	۱۷ر مارچ ۱۹۳۳ء
۱۸۶	دولت کی فراوانی۔			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	قوم کی دولت کثرت زر سے نہیں بلکہ توکل علی اللہ سے ہوتی ہے۔	عبدالماجد دریابادی	۱۸/۱	۸ر مئی ۱۹۲۵ء
۱۸۷	دین اور دیانت۔	" "	۲۱/۹	۱۸ر اگست ۱۹۳۲ء
۱۸۸	دینداری۔			
	دینداری کی تبلیغ اور اس کے پھیلنے کی دعا۔	عبدالرحمٰن نگرامی	۸/۱	۲۰ر فروری ۱۹۲۵ء
۱۸۹	روح یا نفس انسانی۔ منقول از پیغام صلح قسط ۱	ڈاکٹر بشارت احمد	۱۵/۳	۱۸ر اپریل ۱۹۲۷ء
۱۹۰	" " " " قسط ۲	" "	۱۹/۳	۱۶ر مئی ۱۹۲۷ء
۱۹۱	" " " " قسط ۳	" "	۲۰/۳	۲۳ر " "
۱۹۲	روشنی کی جھلک۔			
	حاجیوں کو حکومت کی طرف سے اجازت دیئے جانے کے بارے میں۔	ظفر الملک	۱۷/۱	یکم مئی ۱۹۲۵ء
۱۹۳	زوال اسلام اور ترک مساجد۔	مولوی عبدالرزاق ندوی	۲۷/۴	۲۷ر جولائی ۱۹۲۸ء
۱۹۴	زہر تریاق کے نام سے۔			
	طفیل احمد صاحب کا مضمون مذہب اسلام میں تبدیلیاں لانے کے متعلق۔	عبدالماجد دریابادی	۲۴/۴	۶ر جولائی ۱۹۲۸ء
۱۹۵	زیارت قبور۔	اسلم عمر صاحب۔ گونڈہ	۱۹/۶	۲۳ر مئی ۱۹۳۰ء
۱۹۶	زیارت قبور کے متعلق مع جواب۔	محمد غوث حیدرآباد	۲۴/۹	۳۰ر جون ۱۹۳۳ء
۱۹۷	ساردا ایکٹ اور عدالت عالیہ کلکتہ۔ منقول از الامان		۱۶/۸	۲۹ر اپریل ۱۹۳۲ء
۱۹۸	ساردا ایکٹ اور مولانا سید سلیمان۔			
	رسالہ معارف میں ساردا ایکٹ پر مفصل مضمون	عبدالماجد دریابادی	۲۵/۵	۱۳ر دسمبر ۱۹۲۹ء
۱۹۹	ساردا ایکٹ کے بعد۔			

نمبر شمار	عنوان/توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	ازدواج صغر سنی کے خلاف مسلمانوں کے جلسہ میں مولانا مناظر احسن کی تقریر۔		۵/۶	۳۱ر جنوری ۱۹۳۰ء
۲۰۰	سارداا بل اور نظام شرعی کے امکان پر ایک کاری ضرب منقول از خلافت۔	مولانا آزاد سبحانی	۳۰/۵	۸ر نومبر ۱۹۲۹ء
۲۰۱	"سچ" اور بحث پردہ۔ سچ پر بے حجابی کی تائید کا غلط الزام۔	عبدالماجد دریا بادی	۴۰/۴	۲۶ر اکتوبر ۱۹۲۸ء
۲۰۲	سچ کی ڈاک۔ خودداری اور تکبر کے درمیان فرق۔ حکمت مومن اور موجودہ پردہ کے متعلق سوالات اور ان کے جواب۔	" "	۳۸/۳	۳۰ر ستمبر ۱۹۲۷ء
۲۰۳	سچ کی ڈاک۔ اردو میں عام فہم خطبات مسنونہ کی فرمائش اور بینکوں کے سود کی حرمت کے متعلق سوال اور اس کا جواب۔	" "	۳۹/۳	۷ر اکتوبر "
۲۰۴	سچ کی ڈاک۔ مراسلات مع جوابات۔ ۱۔ منشی بشیر محمد صاحب ہانسی۔ عقیقہ، شب برات، فاتحہ وغیرہ کے متعلق سوالات۔ ۲۔ معزالدین احمد صاحب، دہلی۔ اسوۂ صحابہ کے متعلق۔ ۳۔ محمد کشف الدجیٰ صاحب سلوانی۔ مسلمانوں کے فرقوں کے متعلق۔	" "	۳۴/۴	۷ر ستمبر ۱۹۲۷ء

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
۲۰۵	سچ کی ڈاک۔ ۱۔ مولوی محمد حسن صاحب لکھنؤ۔ بابت تائید حضرت مولانا اشرف علی۔ ۲۔ مولوی ابوالناصر عبیدی موٹا دراچھ سورت۔ قرآن مجید و احادیث کی اشاعت اخبارات سے متعلق۔		۳۸/۴	۱۲ر اکتوبر ۱۹۲۸ء
۲۰۶	سچ کی ڈاک۔ ۱۔ عثمان حسن خاں رسول پور۔ بابت اشاعت مضمون۔ ۲۔ گمنام مستفتی۔ نماز اور حدیث نفس کے بارے میں۔ ۳۔ دانائے راز صاحب۔ کچھ سوالات۔		۸/۵	یکم مارچ ۱۹۲۲ء
۲۰۷	سچی باتیں۔ اسلام اور مسلمان کی تعریف۔	عبدالماجد دریابادی	۲/۱	۹ر جنوری ۱۹۲۵ء
۲۰۸	سچی باتیں۔ وقت کی قیمت پہچاننے، اپنی اصلاح اور احتساب کی سخت ضرورت ہے تاکہ آخرت کی بازپرس و مواخذہ سے بچا جا سکے۔	" "	۱۵/۱	۱۰ر اپریل "
۲۰۹	سچی باتیں۔ اپنے اعمال کے محاسبہ کے سلسلہ میں۔	" "	۲۰/۱	۲۲ر مئی "
۲۱۰	سچی باتیں۔ جس طرح گنگا کا صاف شفاف پانی کوہستان میں محنت کے بعد ملتا ہے اسی طرح نجات اور فلاح کے			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد/شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	لیے خدا کے حکم اور رسول کی ہدایت پر عمل کرنا ضروری ہے۔ کسی دوسری طرف دوڑ بھاگ عقل ودانش کے خلاف ہے۔	عبدالماجد دریابادی	۳۳/۱	۲۸ر اگست ۱۹۲۵ء
۲۱۱	سچی باتیں۔ اجلاس ندوہ منعقدہ انبالہ میں عورتوں کو شرعی ترکہ نہ دینے کے رواج کے خلاف تجویز اور اس کی ضرورت پر روز۔	" "	۱/۲	یکم جنوری ۱۹۲۶ء
۲۱۲	سچی باتیں۔ دنیاوی سفر کے لیے بڑی تیاریاں کی جاتی ہیں مگر اصلی سفر آخرت کی طرف سے غفلت، ارشاد نبویؐ کہ اللہ کے دربار کی حاضری کو دوست رکھو	" "	۱۴/۲	۲ر اپریل "
۲۱۳	سچی باتیں۔ امام غزالی کا ارشاد کہ عالم کی ایمان کی حفاظت اس میں ہے کہ نہ وہ حاکم کے پاس جائے اور نہ حاکم اس کے پاس آئے۔ غیر مسلم حکومت سے سوالات کرنے والے علماء سے سوال۔	" "	۱۹/۲	۱۴ر مئی "
۲۱۴	سچی باتیں۔ شریعت کے خلاف قانون بنانے والی اور فیصلے کرنے والی حکومت جو رواج کو حکم الٰہی پر فوقیت دے۔ اس سے وفاداری اور سوالات کیوں کر جائز اور صحیح ہو سکتی ہے۔ لمحہ فکریہ۔	" "	۲۰/۲	۲۱ر " "
۲۱۵	سچی باتیں۔			

نمبر شمار	عنوان / توضیح	مضمون نگار	جلد / شمارہ	تاریخ، ماہ، سال
	زمینی زندگی کی بقا اور پرورش آسمانی تائید سے ہوتی ہے۔ اسی طرح انفرادی زندگی کو بھی تعلق مع اللہ اور روحانی تعلق سے بہتر بنایا جا سکتا ہے۔	عبدالماجد دریابادی	۲۹/۲	۲ر اگست ۱۹۲۶ء
۲۱۶	سچی باتیں۔ ماں کی خدمت کی طرف سے غفلت، جس کے قدموں تلے جنت ہے۔	" "	۳۸/۲	۴ر اکتوبر "
۲۱۷	سچی باتیں۔ موت سے بڑھ کر یقینی چیز کوئی نہیں۔ اس کے لیے پہلے سے تیاری اور اعمال کا احتساب ضروری ہے۔	" "	۴۷/۲	۶ر دسمبر "
